ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی میں جاری مذاکرات میں مثبت پیش رفت، 99 فیصد معاملات طے ہو گئے

حکومت میں متحدہ قومی موومنٹ کی شمولیت کے حوالے سے چیزیں طے ہو گئیں

سندھ میں ضلعی سطح پر ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کے مقامی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹیاں بنائی جائیں گی

آصف علی زرداری لندن میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات کریں گے

اسلام آباد۔۔۔25 اپریل 2008ء۔۔۔ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی میں جاری مذاکرات میں مثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق دونوں جماعتوں کے درمیان یہ مذاکرات ایک گھنٹہ 40 منٹ تک جاری رہے۔ مذاکرات کی کامیابی کے بارے میں دونوں جماعتوں کے ذرائع نے شواہد دیے ہیں۔ خورشید احمد شاہ اور نوید قمر کی پیپلز پارٹی کی مذاکراتی کمیٹی میں شامل ہونے سے تیزی سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق 99 فیصد معاملات طے ہو گئے ہیں۔ حکومت سازی کے حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ کی شمولیت کے حوالے سے چیزیں طے ہو گئی ہیں۔ ساتھ ہی سندھ میں ضلعی سطح پر کمیٹیاں بنانے پر اتفاق ہوا ہے۔ ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کے مقامی رہنماؤں پر مشتمل کمیٹیاں بنائی جائیں گی۔ اس کے علاوہ صوبے اور وفاق میں بھی پارلیمانی کمیٹیاں بنائی جائیں گی۔ ساتھ ہی گورنرشپ کے معاملے پر بھی اتفاق رائے ہو گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ آرٹیکل 101 کے تحت یہ صدر کے اختیار میں ہے اور پیپلز پارٹی کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کی مذاکراتی ٹیم میں ڈاکٹر فاروق ستار، بابر غوری، وسیم آفتاب اور سردار احمد شامل تھے جبکہ پیپلز پارٹی کی کمیٹی میں خورشید شاہ، نوید قمر، پیر مظہر الحق، راشد ربانی اور مراد علی شاہ شامل تھے۔ ذرائع کے مطابق چیزیں اتنی تیزی سے طے ہوئی ہیں کہ جس کی امید نہیں کی جا رہی تھی۔ اس چیز کا بھی حتمی فیصلہ ہوا ہے کہ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک ایک ملاقات ہو گی جس میں باقی رہ جانے والے ایک دو معاملات طے ہوں گے۔ اس کے بعد پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری لندن کا دورہ کریں گے اور ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کریں گے۔ اس دوران سندھ اور وفاق میں ایم کیو ایم کو وزارتیں ملنے کا معاملہ حل ہو جائے گا۔ آج کے مذاکرات میں ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے حکومت کی جانب سے سٹی ناظم کراچی کے دو اختیارات واپس لینے کا معاملہ بھی اٹھایا گیا تھا لیکن پیپلز پارٹی کے ایک رہنما کا کہنا تھا کہ یہ ہمارے ایجنڈے کا حصہ نہیں ہے اور مثبت انداز میں چیزیں آگے بڑھنا چاہیے۔ دونوں جماعتوں کے ذرائع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ چیزیں بہت تیزی سے آگے بڑھی ہیں اور تمام چیزیں مثبت انداز میں حل کر لی گئی ہیں۔ جو ایک دو چیزیں رہ گئی ہیں وہ رحمٰن ملک اور گورنر سندھ کے درمیان یا دونوں جماعتوں کی اعلیٰ قیادت آصف علی زرداری اور جناب الطاف حسین کے مابین ملاقات میں طے ہو جائیں گی۔

حق پرست ارکان اسمبلی کا سپر ہائی وے پر ٹریفک حادثے میں ایم کیو ایم کے چھ ہمدردوں کی ہلاکت پر اظہار افسوس

عباسی شہید اسپتال جا کر جاں بحق افراد کے لواحقین سے ملاقات کی

حق پرست ارکان اسمبلی، تعلقہ سٹی ناظم اور کارکنان کی ہمدردوں کی نماز جنازہ اور تدفین میں کثیر تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔25، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی ڈاکٹر صغیر احمد اور شیخ محمد افضل نے سپر ہائی وے کاٹھور موڑ کے قریب ٹریفک کے اندوہناک حادثے میں ایم کیو ایم حیدرآباد کے چھ ہمدردوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور جمعہ کی شب عباسی شہید اسپتال میں جا کر سوگوار لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے آئے جاں بحق افراد کے لواحقین شدت غم سے نڈھال تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے۔ حق پرست اراکین اسمبلی نے سوگوار لواحقین کو دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ حق پرست اراکین اسمبلی نے جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔ دریں اثناء کاٹھور موڑ سپر ہائی پر ہونے والے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے ہمدرد وسیم ولد عبدالغنی، خالد ولد معین الدین، جمشید ولد آبا، وسیم میمن ولد عبدالعزیز، آصف ولد عبدالحمید اور ماجد کو حیدرآباد کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی سہیل یوسف، وسیم حسین، حق پرست تعلقہ سٹی ناظم جاوید جبار، نائب ناظم شبر چشتی، یوسی ناظم، کونسلرز، ایم کیو ایم

حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے اراکین، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

عصمت فرید صابری اور ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی کے کارکن شمیم عباسی کے بیٹے کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معروف قوال غلام فرید صابری مرحوم کے صاحبزادے عصمت فرید صابری اور ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن شمیم عباسی کے بیٹے صحیب شمیم عباسی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆